**30.06.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**(Music)**

---

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نوجوان ڈاکٹروں پر ان دیہی اور قبائلی علاقوں میں کام کرنے پر زور دیا ہے جہاں سہولتوں کی کمی ہے۔ انہوں نے بہتر ڈاکٹر- مریض رابطے کے لیے ایکو نظام قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ تلنگانہ کے Sangareddy میں ادویات کی ایک کمپنی میں دھماکے میں 12 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں جاری ووٹروں سے متعلق خصوصی نظرثانی مہم کے تحت تقریباً 60 فیصد ووٹروں کو دستاویزات داخل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

☆ گذشتہ مالی برس میں GST کی مجموعی وصولیابی پانچ برس میں دوگنی ہو کر 22 اعشاریہ آٹھ لاکھ کروڑ روپے ہوگئی۔ سرگرم ٹیکس دہندگان کی تعداد بڑھ کر ایک کروڑ 51 لاکھ ہو گئی۔

☆ ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں شدید بارش سے معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہیں۔ IMD نے اس ہفتے کے دوران ملک کے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی حصے میں سرگرم مانسون کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور ٹینس میں، لندن میں، سال کے تیسرے گرینڈ سلیم ویمبلڈن 2025 کا آغاز ہوگیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**President Gorakhpur Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نوجوان ڈاکٹروں سے معاشرے کے ان طبقات کے لیے کام کرنے پر زور دیا ہے جنہیں طبی خدمات کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ انہوں نے اِس بات کا خاص طور سے ذکر کیا کہ کئی دیہی اور

قبائلی علاقوں میں اب بھی اعلیٰ معیار کی صحت خدمات موجود نہیں ہیں۔ آج ایمس گورکھپور کے پہلے تقسیم اسناد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر ملک کی ترقی میں انتہائی اہم رول ادا کرتے ہیں کیونکہ وہ نہ صرف مرض کا علاج کرتے ہیں بلکہ ایک صحت مند معاشرے کے لیے بنیاد بھی فراہم کرتے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ڈاکٹروں کو کئی چیلنجوں کا سامنا ہوتا ہے لیکن ہمدردی کے جذبے کی اہمیت کو سمجھنا ضروری ہے۔

انہوں نے طبی تعلیم سے وابستہ سبھی فریقوں پر بھی زور دیا کہ وہ مستقبل کے ڈاکٹروں کے لیے ایک ایسا ایکو نظام فراہم کریں جس سے وہ ڈاکٹر - مریض رابطے اور شفایابی اور اعتماد سازی کے رول جیسے موضوعات کو سیکھ سکیں۔

S/B - 2000 Drupadi Murmu on AIIMS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایمس ملک کی طبی صلاحیت کی علامت ہیں، جہاں ہر مریض امید کی ایک نئی کرن دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ AIIMS نے طبی تعلیم، تحقیق اور علاج کے شعبوں میں اعلیٰ معیارات قائم کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک کے مقابلے بھارت میں علاج و معالجہ کم خرچ والا ہے اور اسی لیے ملک میں طبی سیاحت کو فروغ حاصل ہوا ہے۔

پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ گذشتہ کچھ برس میں ریاست میں صحت خدمات میں کئی گنا بہتری آئی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ AIIMS گورکھپور، نہ صرف ریاست بلکہ بہار اور نیپال کے مریضوں کو بھی خدمات فراہم کر رہا ہے۔

اِس سے قبل دن میں صدر جمہوریہ نے بریلی میں Indian Veterinary Research Institute کے گیارہویں تقسیم اسناد تقریب سے خطاب کیا تھا۔×

## Rev Hyderabad Blast

تلنگانہ کے Sangareddy ضلع میں دواؤں کی ایک کمپنی میں دھماکے میں 12 ورکر ہلاک اور 26 سے زیادہ دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔ یہ واقعہ Sigachi Industry میں پیش آیا، جہاں ایک بڑی آگ لگی اور عمارت منہدم ہوگئی۔ بچاؤ اور امدادی کارروائیوں میں آگ بجھانے والی ایک درجن گاڑیوں اور آفات کے بندوبست سے متعلق فورس کی ٹیموں نے مدد کی۔ ریاستی حکومت نے متاثرین کو ہر طرح کی مدد کا یقین دلایا ہے۔ بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ گار سے۔

V/C - Lakshmi

تلنگانہ کے سنگا ریڈی ضلع کی سِگاچی فارما فیکٹری میں ہوئے دھماکے کے بعد NDRF سمیت بچاؤ ٹیموں کی

جانب سے تلاش کی کارروائیاں جاری ہیں۔ دھماکے کے بعد آگ لگنے اور تین منزلہ عمارت کے گرجانے کے اس حادثے کے دوران 60 سے زیادہ مزدور کام کررہے تھے جن میں سے کئی ملبے میں پھنسے ہوئے ہیں۔

محنت اور صحت کے ریاستی وزراء نے جائے حادثے کا دورہ کیا اور حکومت کی جانب سے زخمیوں کو ہر طرح کی مدد کی یقین دہانی کرائی۔ کچھ مزدورں کے رشتے دار بے چین دکھائی دیئے کیونکہ اُنہیں اپنے عزیزوں کے بارے میں کوئی معلومات نہیں مل رہی تھی۔ دھماکے کی وجہ ابھی واضح نہیں ہوئی ہے تاہم راحت رسانی کا کام بڑے پیمانے پر جاری ہے۔

آفات سے نمٹنے اور فائر خدمات کے تلنگانہ ریاست کے ڈائریکٹر ناگی ریڈی نے میڈیا کو بتایا کہ بچاؤ عملے کو سِگاچی فارما کمپنی میں ہوئے دھماکے کے بعد ملبے کے نیچے پھنسے مزدوروں کی صحیح تعداد کا علم نہیں ہے۔

لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے حبیب الرحمٰن

ریاست کے محنت کے محکمے کے وزیر وویک وینکٹ سوامی، جنہوں نے جائے حادثہ کا دورہ کیا، انہوں نے کہا کہ دھماکے کی وجوہات ابھی جاننا باقی ہیں۔

وزیراعلیٰ ریونتھ ریڈی نے عہدیداران کو زخمیوں کو بہتر طبی مدد فراہم کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے اس واقعہ کے متاثرین کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ وہ اس سانحہ سے گہرے رنج وغم میں ہیں اور متاثرہ کنبوں سے تعزیت کا اظہار کرتی ہیں۔ انہوں نے زخمیوں کی جلدصحتیابی کی بھی دعا کی۔

جناب مودی نے وزیراعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مہلوکین کے کنبوں کے لیے دو دو لاکھ روپے کی نقد مدد اور زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔×

## ECI Electroral Roll

انتخابی کمیشن کی جانب سے بہار میں جاری خصوصی نظرثانی عمل کے دوران قریب چار کروڑ 96 لاکھ ووٹرس کو کسی طرح کا دستاویز جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اِسی طرح ان ووٹرس کے بچوں کو بھی اپنے سرپرستوں سے متعلق کوئی دستاویز جمع نہیں کرانا ہوگا۔ یہ رائے دہندگان، بہارکے سال 2003 کی انتخابی فہرست میں موجود ہیں، جسے انتخابی کمیشن نے اپنی ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دیا ہے۔ رائے دہندگان کی 2003 کی انتخابی فہرست کی آسان دستیابی سے ریاست میں جاری خصوصی نظرثانی عمل میں کافی مدد ملی، جس سے بہار کے قریب 60 فیصد رائے دہندگان کو اب کوئی دستاویز جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب اپوزیشن جماعتوں نے ریاستی اسمبلی انتخابات سے تین مہینے پہلے انتخابی کمیشن کی جانب سے خصوصی نظر ثانی کے کام پر سوال اٹھائے تھے۔

اپنے بیان میں انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اُسے رائے دہندگان کی فہرست سے صرف اُن کی تفصیلات کی تصدیق کرنی ہے اور Enumeration Form بھر کر داخل کرنا ہے۔X

## GST Collection

مالی سال 2024-25 کے دوران GST کی مجموعی وصولیابی، گزشتہ پانچ سال میں دو گنا ہو کر اب تک کی بلند ترین سطح 22 لاکھ 80 ہزار کروڑ روپے ہوگئی ہے۔ GST اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ پانچ سال کے دوران ٹیکس وصولیابی میں نو اعشاریہ چار فیصد کا سال در سال اضافہ ہوا ہے۔

سال 2020-21 میں GST کی مجموعی وصولیابی 11 لاکھ 37 ہزار کروڑ روپے تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق ماہانہ اوسط وصولیابی ایک لاکھ 84 ہزار کروڑ روپے ہے۔ ٹیکس دہندگان کی فعال تعداد میں بھی بڑا اضافہ ہوا ہے اور اس سال 30 اپریل تک فعال GST رجسٹریشنز کی تعداد بڑھ کر ایک کروڑ 51 لاکھ سے زیادہ ہوگئی ہے۔

اشیاء اور خدمات ٹیکس، GST، کل اپنے نفاذ کے آٹھ سال مکمل کررہا ہے۔

سال 2017 میں متعارف کرائے گئے GST کو معاشی ارتباط اور ٹیکس اصلاحات کی جانب اہم قدم سمجھا جاتا ہے۔ GST نے متعدد بالراست ٹیکسوں کی جگہ لی اور واحد یونیفائڈ سسٹم بنا۔ GST نے ٹیکس تکمیل کو آسان بنایا، کاروبار کے اخراجات میں کمی کی اور اشیاء کی بین ریاست آزادانہ نقل و حمل کو ممکن بنایا۔

ان اقدامات نے نہ صرف کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کی بلکہ ٹیکس کے دائرے کو بھی مضبوطی دی۔ GST وصولیابی میں ہورہا مسلسل اضافہ اور ٹیکس دہندگان کی بڑھتی تعداد اس کی کامیابی کی علامت ہے۔X

## Eve UttaraKhand Weather

اتراکھنڈ میں، موسلادھار بارش سے خاص طور سے پہاڑی علاقوں میں معمول کی زندگی درہم برہم ہے، جہاں چٹانوں کے ٹکرے گرنے سے مختلف سڑکوں پر رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے۔ انتظامیہ ان راستوں کو صاف کرنے کے لیے جنگی پیمانے پر کام کر رہی ہے۔ اس دوران پانچ اضلاع میں آج امکانی سیلاب اور پانی بھرنے کی صورتحال کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک ماک ڈرل کی گئی۔

اس دوران گنگوتری قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے جبکہ یمنوتری شاہراہ کے مختلف مقامات پر بحالی کا کام جاری ہے۔ ٹنک پور پتھوڑا گڑھ شاہراہ جو چٹانوں کے ٹکرے گرنے کے سبب بند تھی اُسے بھی آج دوبارہ کھول دیا گیا۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے، آئندہ چھ سے سات دنوں کے دوران ملک کے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی حصوں میں سرگرم مانسون کی صورتحال جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ نئی دلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سائنسداں نریش کمار نے کہا کہ مغربی بنگال کے ساحلی خطے میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بنا ہوا ہے جس کا اثر مغربی اترپردیش پر بھی ہوگا۔

S/B - 2100 IMD Scientist Dr. Naresh Kumar

## Wimbledon 2025

ٹینس کلینڈر کا تیسرا گرینڈ سلیم، ومبلڈن 2025 آج سے لندن کے آل انگلینڈ کلب میں شروع ہوگیا ہے۔ ومبلڈن کا اختتام، 13 جولائی کو مردوں کے سنگلز کے فائنل مقابلے کے ساتھ ہوگا۔ اِس دوران مردوں کے سنگلز کا شروعاتی میچ دو مرتبہ کے دفاعی چمپئن Alcaraz اور اٹلی کے Fabio Fognini کے درمیان جاری ہے۔

خواتین کے سنگلز مقابلے میں Barbora Krejcikova، چوٹ سے ابھرنے کے بعد اپنے خطاب کے دفاع کیلئے تیار ہیں۔ Krejcikova ، کل پہلے راؤنڈ میں اپنی مہم کا آغاز کریں گی جہاں اُن کا سامنا فلیپنس کی Alexandra Eala سے ہوگا۔

اس سال میں ومبلڈن میں چار بھارتی کھلاڑی صرف مردوں کے ڈبلز کے زمرے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ اِن میں روہن بوپنا، یوکی بھامری، رِتوک بولّی پلّی اور سری رام بالا جی شامل ہیں۔X

## PM Steel

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ایک مضمون شیئر کیا ہے جس میں اس بات کا ذکر ہے کہ کس طرح پالیسی اقدمات اور اختراع کے ذریعے بھارت عالمی سطح پر اسٹیل کی پیداوار کرنے والا ایک رہنما ملک بن رہا ہے۔ بھاری صنعتوں اور اسٹیل کے محکمے کے وزیر ایچ ڈی کماراسوامی کی سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے سے لے کر دفاع تک اور الیکٹرک موبیلیٹی سے لے کر صاف ستھری توانائی تک، اسٹیل ابھرتے ہوئے بھارت کی بنیاد ہے۔ اپنے مضمون نے وزیر موصوف نے کہا ہے کہ گھریلو سطح پر فولاد اور اسٹیل کی تیاری سے متعلق پالیسی اور پیداوار سے منسلک ترغیباتی اسکیموں جیسی دوراندیش اصلاحات کے ذریعے ملک کی صلاحیت، خودکفالت اور ماحول کے لیے سازگار اسٹیل سے متعلق اختراع کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ x

## J&K Amarnath Yatra

امرناتھ یاترا سے پہلے آج حکام نے جموں میں سرسوتی دھام میں آف لائن ٹوکن تقسیم کرنے کے مرکز کا آغاز کیا ہے۔ اس ٹوکن سینٹر سے پہلگام اور بالتل دونوں راستوں کے لیے ٹوکن تقسیم کیے جا رہے ہیں۔ یاترا کے لیے آف لائن رجسٹریشن کا کل ویشنوی دھام، پنچایت بھون اور مہاجن سبھا مراکز پر آغاز کیا جائے گا۔ امرناتھ کی پوتر گپھا کے لیے 38 روزہ یاترا جمعرات سے شروع ہوگی۔ آج جموں-سری نگر قومی شاہراہ کے ساتھ ساتھ انتظامات کا جائزہ بھی لیا گیا۔ ×

☆☆☆☆☆